آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **شیخ انوارلحق** سے خبریں سُنئے

18/05/2025 12.30 PM

کرن رجیجو

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے اعلان کیا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف بھارت کے اجتماعی عزم کی عکاسی کرتے ہوئے سات پارٹیوں پر مبنی کل جماعتی وفود ’آپریشن سندور‘ کے تحت کلیدی ممالک کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے متحدہ محاذ کی نمائندگی کرنے والے وفود اور 59 پارلیمانی ارکان کی فہرست پیش کی۔ یہ مندوبین 32 ممالک کا دورہ کریں گے اور Belgium Brussels میں یوروپی یونین کے ہیڈ کوارٹرز بھی جائیں گے۔

وزیر داخلہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے واضح طور پر کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت دہشت گردانہ حملوں کامنھ توڑ جواب دے رہا ہے۔ کل گجرات کے گاندھی نگر میونسپل کارپوریشن کے تحت 7 سو کروڑ روپئے کی مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے بعد ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے بھارتی مسلح افواج کی مثالی حصولیابیوں کی ستائش کی اور دہشت گردی کے خلاف قطعی برداشت نہ کرنے کے حکومت کے موقف کا اعادہ کیا۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ پڑوسی ملک پاکستان میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے جو بھارتی مسلح افواج کی پہنچ سے باہر ہے ۔ انہوں نے کہا کہ پوری دُنیا نے بھارتی مسلح افواج کی بہادری کو دیکھا ہے کل ٹنگڈار سیکٹر میں ایل او سی پر تعینات فوج کے اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ دشمن قرض کی طاقت پر انسانیت کو تباہ کر رہا ہے ۔ انہوننے کہا بھارتی فوج نے دشمن کی ہر ایک ناپاک حرکت کا معقول اور موثر انداز میں جواب دیا ہے ۔

GOC

وادی میں قائم فوج کی پندرہویں کور کے جنرل آفیسر کمانڈنگ نے کل جنوبی کشمیر کا دورہ کیا جس دوران انہوں نے خطے میں سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے آپریشن کیلر اور آپریشن نادر پیشہ ورانہ انداز میں انجام دینے کے لئے متعلقہ فوجی دستوں کی تعریف کی ۔ واضح رہے کہ ان دونوں آپریشنوں کے دوران چھ ملی ٹنٹ مارے گئے تھے اور بھاری مقدار میں ہتھیار اورگولہ بارود بر آمد کیا گیا تھا ۔

جاوید احمد ڈار

زراعت ، دیہی ترقی اور پنچایت راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے زرعی ترقیاتی اسکیموں کے نفاذ کا جائزہ لینے کے لئے آلو پورہ اور پد گام پورہ زرعی فارموں کا دورہ کیا۔انہوں نے متعلقہ افسران اور مقامی کسانوں کے ساتھ بات چیت کی ، جس دوران مختلف قسم کے فارم کی ترقی اور کسانوں کی فلاح و بہبود کے اقدامات پر فیڈ بیک حاصل کیا گیا۔ وزیر موصوف نے کاشتکاری کے بہترین طریقوں کی تحقیق کو اپنانے پر زور دیا ۔

جل شکتی

جل شکتی محکمے نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں پینے کا پانی محفوظ ہے اور اس کی فراہمی ایک مضبوط اور شفاف میکانزم کے تحت باقائدگی سے کی جا رہی ہے ۔محکمے کی ایک پریس ریلیز کے مطابق سال 2024-25 کے دوران یوٹی کے 6 ہزار 122 دیہات میں 2 لاکھ 66 ہزارپینے کے پانی کے نمونوں کی جانچ کی گئی۔ جن میں سے صرف 78 نمو نے آلودہ پائے گئے ۔

محکمے کا کہنا ہے کہ جموں کشمیر میں پینے کے پانی کی آلودگی کی شرح 0.03 فیصد ہے جو کہ قومی سطح کی اوسط شرح چار اعشاریہ ایک فیصد سے بہت کم ہے ۔

ASI

نے اعلان کیا ہے کہ میوزیم کے بین الاقوامی دن منائے جانے کے موقعے پر آج ASI بھارت کے آثار قدیمہ کے محکمے کی تمام یادگاروں اور میوزیمس میں داخلہ مفت ہے۔ ثقافت کی مرکزی وزارت نے اس کی تصدیق کرتے ASI ملک بھر میں ہوئے کہا ہے کہ اس کا مقصد عوام کی زیادہ سے زیادہ شرکت کیلئے حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ میوزیم کا بین الاقوامی دن ہر سال18 مئی کو منایا جاتا ہے۔ اس میں ثقافتی وراثت کو تحفظ فراہم کرنے، تعلیم کو فروغ دینے اور طبقوں اور نسلوں کے درمیان بات چیت کو فروغ دینے کیلئے میوزیم کی اہمیت کو
ا

جاگر کیا جاتا ہے۔±

IPL

کرکٹ میں آج جے پور میں سہ پہر ساڑھے تین بجے راجستھان رائلز کا مقابلہ پنجاب کنگز سے ہوگا، جبکہ دلی کیپٹلس IPL کا مقابلہ گجرات ٹائیٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے دلی میں ہوگاواضح رہے کہ موجودہ چمپئن کولکاتہ نائٹ رائڈرس آئی پی ایل 2025 سے باہر ہوگئی ہے کیونکہ کل شام ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں شدید بارش کی وجہ سے ٹاس کئے بغیر میزبان رائل چیلنجرس بنگلورو کے خلاف
ا

ن کا میچ منسوخ ہوگیا تھا۔ بارش کی وجہ سے میچ منسوخ ہونے کے نتیجے میں رائل چیلنجرس بنگلورو پوائنٹ کے اعتبار ± سے سب سے اوپر ہے۔ اس کے 12 میچوں میں 17 پوائنٹس ہیں۔

بانڈی پورہ

منشیات کے خلاف بیداری اور اتحاد کو فروغ دینے کے لئے ڈپٹی کمشنربانڈی پورہ منظور احمد قادری نے اسلامیہ ماڈل باکسنگ چمپئن شپ 2025 کا افتتاح کیا۔اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ اس سال Kick اسکول گرورا بانڈ پورہ میں ڈسٹرکٹ نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ہی مختلف سرگرمیاں انجام دی جائیں گی۔

س کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ